**26-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

---

Music

---

1۔ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں آج 12 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقے جموں وکشمیر میں پھیلے ہوئے 88 پارلیمانی حلقوں میں پرامن ووٹنگ ہوئی۔

2۔ شام پانچ بجے تک اوسطاً 64 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی ہے۔ ایک ہزار 202 امیدواروں کی سیاسی قسمت ای وی ایم میں بند ہوگئی ہے۔

3 انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔ تمام سیاسی پارٹیوں کے رہنما ملک کے مختلف حصوں میں ریلیوں اور روڈ شو میں مصروف ہیں۔

4 اڈیشہ میںں سخت گرمی کی وجہ سے معمول کی زندگی متاثر ہے۔ محکمہ موسمیات نے کچھ اضلاع کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5 اور۔ شنگھائی میں تیراندازی کے عالمی کپ اسٹیج ون میں بھارت کی جیوتی سریکھا Vennam اور ابھیشیک ورما کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

6۔ اور...... IPL کرکٹ میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس اور پنجاب کنگس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

(Music)

---

اب خبریں تفصیل سے

**SECOND PHASE ELECTION**

آج لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں اوسط سے زیادہ پولنگ کی خبر ملی ہے۔ اِس مرحلے میں 12 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقے جموں و کشمیر میں پھیلے 88 پارلیمانی حلقوں میں ووٹنگ ہوئی ہے۔ اِن میں کیرالہ کے 20، کرناٹک کے 14 ، راجستھان کے 13، مہاراشٹرا اور اترپردیش کے آٹھ۔آٹھ، مدھیہ پردیش کے چھ، آسام اور بہار کے پانچ۔پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ کے تین۔تین اور منی پور، تریپورہ اور جموں وکشمیر کے

ایک-ایک پارلیمانی حلقے شامل ہیں۔

مدھیہ پردیش کے بیتول ST پارلیمانی حلقے میں اِسی مرحلے میں ووٹنگ ہونی تھی لیکن BSP امیدوار کی موت کی وجہ سے ووٹنگ اب تیسرے مرحلے میں ہوگی۔ زیادہ تر حلقوں میں ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوئی اور شام چھ بجے تک ختم ہوئی۔

ملک کے مختلف حصوں میں موجود ہمارے نامہ نگاروں نے خبر دی ہے کہ کئی پولنگ بوتھوں پر ووٹروں کی لمبی قطاریں دیکھی گئی۔ نوجوان اور خاتون ووٹروں میں زبردست جوش وخروش دیکھا گیا۔ شام پانچ بجے تک مجموعی طور پر 64 فیصد ووٹنگ ہونے کی خبر ملی ہے۔اِس مرحلے میں Outer منی پور لوک سبھا حلقے کے چار امیدواروں سمیت مجموعی طور پر ایک ہزار 202 امیدوار اپنی قسمت آزما رہے تھے۔ 16 لاکھ سے زیادہ پولنگ اہلکار، ایک لاکھ 67 ہزار پولنگ اسٹیشنوں پر تعینات کئے گئے تھے۔ تقریباً 16 کروڑ ووٹروں نے دوسرے مرحلے میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اس مرحلے میں تقریباً 35 لاکھ ایسے ووٹر رجسٹرڈ تھے جو پہلی بار ووٹ کرنے والے تھے۔X

## UP Polling 2 Phase Evening

اترپردیش میں دوسرے مرحلے کے عام انتخابات کے تحت 8 لوک سبھا سیٹوں پر آج پُر اَمن رائے دہی ہوئی۔

انتخابی کمیشن کے اعداد وشمار کے مطابق اِن سیٹوں پر 52 فیصد سے زیادہ ووٹ ڈالے گئے۔

سب سے زیادہ قریب 62 فیصد پولنگ امروہہ میں ہوئی جبکہ متھرا میں سب سے کم لگ بھگ 47 فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

پیش ہے لکھنؤ کے ہمارے نامہ نگار کی خصوصی رپورٹ

V/C Sushil Chandra Tiwari

اترپردیش میں دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے آج ہوئی پولنگ مجموعی طور پر پُرامن رہی۔ کچھ الیکٹرانک مشینوں میں ہوئی تکنیکی خامیوں کو چھوڑ کر رائے دہی کا عمل پُرسکون رہا۔

امروہہ میں لوگوں میں ووٹ ڈالنے کیلئے کافی جوش وخروش دیکھا گیا جہاں کچھ لوگ دھوم دھام کے ساتھ پولنگ مراکز پہنچے۔ پولنگ مراکز پر پہلی مرتبہ حق رائے دہی استعمال کرنے والوں، معذور افراد اور خواتین کی بڑی تعداد دیکھی گئی۔ آج ہوئی پولنگ کے ذریعے کئی قد آور سیاسی رہنماؤں کی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ اِن میں سینئر BJP رہنما اور سابق مرکزی وزیر مہیش شرما، فلم اداکارہ، ہیمامالنی، ارون گووِل، سابق BSP رکن پارلیمنٹ اور کانگریس، سماجوادی پارٹی اتحاد کے امیدوار دانش علی اور سینئر RLD رہنما راجکمار سانگ وان شامل ہیں۔x

## OVERALL CAMPAIGNING

عام انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے اور اہم سیاسی پارٹیوں کے سینئر لیڈر ملک بھر میں اپنے اپنے امیدواروں کی حمایت میں ووٹ حاصل کرنے کیلئے انتخابی مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔

وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندرمودی نے آج مغربی بنگال کے مالدہ اور بہار کے مونگیر اور ارریہ میں عوامی ریلیوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے اترپردیش کے رائے بریلی میں ایک روڈ شو بھی کیا۔ مونگیر میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے بہار میں آر جے ڈی کی حکمرانی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ جنگل راج کے دوران سب سے زیادہ نقصان مونگیر کو ہوا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ JDU اور بی جے پی کی قیادت والی NDA سرکار نے مونگیر کو اِس تاریکی سے باہر نکالا ہے۔

اُنھوں نے کہا کہ یہ الیکشن بھارت کو حکمت عملی اور اقتصادی طور پر مستحکم کرنے کا ہے۔

دوسری طرف عظیم اتحاد کے رہنما لوک سبھا انتخابات کے تیسرے اور چوتھے مرحلے میں ووٹنگ ہونے والے پارلیمانی حلقوں میں کئی کئی ریلیاں کررہے ہیں۔ وکاس شیل انسان پارٹی کے سربراہ مکیش ساہنی نے بہار میں جھنجھار پور اور آس پاس کے علاقوں میں عوامی میٹنگیں کیں اور روڈ شو کیا۔

ترنمول کانگریس کی سربراہ اور مغربی بنگال کی وزیراعلی ممتابنرجی نے Ghatal پارلیمانی حلقے میں ایک عوامی ریلی میں شرکت کی۔ اُنھوں نے مرکزی سرکار پر الزام لگایا کہ وہ مختلف فلاحی اسکیموں کیلئے ریاست کو فنڈ نہیں دے رہی ہے۔ کانگریس کے سینئرلیڈر راہل گاندھی نے کرناٹک کے بیجاپور لوک سبھا حلقے میں وجے پورہ کے مقام پر ایک عوامی ریلی کی۔

اُنھوں نے وعدہ کیا کہ اگر آئی این ڈی آئی اے بلاک اقتدار میں آتا ہے تو وہ ہر گریجویٹ کو ایک پروائیویٹ کمپنی یا ایک سرکاری آفس میں ایک سال کا Apprenticeship اور ایک لاکھ روپے دے گا۔ اُنھوں نے کسانوں کے قرض کو بھی معاف کرنے کا اعلان کیا اور زرعی اشیاء پر MSP کی قانونی گارنٹی کا بھی وعدہ کیا۔

مدھیہ پردیش میں بی جے پی کے سینئر لیڈر امت شاہ نے اشوک نگر اور راج گڑھ لوک سبھا حلقوں میں آج عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ دوسری طرف مدھیہ پردیش ریاستی کانگریس کے صدر جیتو پٹواری، راجیہ سبھا ایم پی وویک تنکھا اور سابق مرکزی وزیر ارون یادو نے آج برہان پور میں انتخابی مہم میں حصہ لیا۔

ان رہنماؤں نے الزام لگایا کہ بی جے پی بے روزگاری اور مہنگائی جیسے بنیادی معاملوں سے دھیان بھٹکانے کیلئے متنازع معاملات اٹھارہی ہے۔

اترپردیش میں انتخابات کے اگلے مرحلے کیلئے آج انتخابی مہم میں کافی جوش وخروش دیکھا گیا۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندرمودی نے رائے بریلی ضلع میں ایک روڈشو کیا۔ بی جے پی لیڈر اور وزیراعلی یوگی آدتیہ ناتھ بھی اُن کے ساتھ تھے۔

اس سے پہلے یوگی آدتیہ ناتھ نے سمبھل میں ایک سیاسی ریلی کی اور کانگریس پر خوش کرنے کی پالیسی اختیار کرنے کا الزام لگایا۔ دوسری طرف سماج وادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے ایٹہ ضلع میں ایک ریلی کی۔

بی ایس پی کوآرڈینیٹر اور پارٹی کے اسٹار کمپینر آکاش آنند نے بھی امبیڈکرنگر اور کوشامبی لوک سبھا حلقوں میں عوام سے خطاب کیا۔ X

## STATES VOTER TURNOUT

شام پانچ بجے تک کی خبروں کے مطابق کیرالہ اور کرناٹک میں 64 فیصد سے زیادہ پولنگ ریکارڈ کی گئی جبکہ راجستھان میں تقریبا 60 فیصد، اترپردیش میں تقریبا 53 فیصد، مہاراشٹر میں تقریبا 54 فیصد، مدھیہ پردیش میں 55 فیصد سے زیادہ، آسام میں تقریبا 71 فیصد، بہار میں 53 فیصد سے زیادہ، مغربی بنگال میں تقریبا 72 فیصد، چھتیس گڑھ میں 72 فیصد سے زیادہ، منی پور اور تریپورہ میں 76 فیصد سے زیادہ اور جموں وکشمیر میں 67 فیصد سے زیادہ پولنگ ہوئی۔ X

## LS Poll 5th Phase Notification

لوک سبھا چناؤ کے پانچویں مرحلے کیلئے آج نوٹیفکیشن جاری ہونے کے ساتھ ہی پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ اس مرحلے میں 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام 2 علاقوں کی 49 لوک سبھا سیٹوں کیلئے پولنگ ہوگی۔ پانچویں مرحلے میں اترپردیش کی 14، مہاراشٹر کی 13، مغربی بنگال کی 7، اڈیشہ اور بہار کی پانچ-پانچ، جھارکھنڈ کی 3، جموں وکشمیر اور لداخ کی ایک-ایک سیٹ کیلئے چناؤ ہوں گے۔

اس دوران آج چوتھے مرحلے کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال ہوئی۔ پیر کے روز تک کاغذاتِ نامزدگی واپس لیے جاسکتے ہیں۔x

## SC-VVPAT

بھارتی سپریم کورٹ نے الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے ڈیٹا کو Voter Verifiable Paper Audit Trail یعنی VVPAT کے ساتھ سو فیصد ملانے کا مطالبہ کرنے والی سبھی عرضداشتوں کو آج مسترد کردیا۔

جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس دیپانکر دتّہ پر مشتمل بینچ نے یہ فیصلہ سنایا۔

اس سے متعلق عرضیوں پر 18 اپریل کو فیصلہ ہونا تھا، تاہم بینچ نے انتخابی کمیشن سے کچھ تکنیکی وضاحتیں طلب کی تھی جس کے بعد اِس پر 24 اپریل کو دوبارہ سماعت شروع ہوئی تھی۔x

## Guj Congress Suspension

گجرات کانگریس نے سورت لوک سبھا سے اپنے امیدوار Nilesh Kumbhani کو پارٹی سے 6 سال کیلئے برطرف کردیا ہے۔ اس ماہ کے اوائل میں ان کا پرچۂ نامزدگی تضاد کی وجہ سے رد کردیا گیا تھا جس کی کے نتیجے میں BJP کے Mukesh Dalal بلا مقابلہ منتخب ہوگئے تھے۔

پارٹی نے اپنے بیان میں کہا کہ امیدوار کے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے میں بڑی کوتاہی برتے جانے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔اس میں یہ بھی کہا گیا کہ اس کی وجہ سے سورت کے عوام اپنے حقِ رائے دہی سے محروم رہ گئے۔

احمدآباد کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ سورت سیٹ سے BJP کے امیدوار کو بلامقابلہ منتخب کرلیا گیا کیوں کہ مقابلے میں شامل دیگر امیدواروں نے اپنی نامزدگی واپس لے لی۔x

## ODISHA HEAT WAVE

اڈیشہ میں آج ریاست کے تقریبا تمام جگہوں پر درجہ حرارت 40 ڈگری سے زیادہ ہونے کی وجہ سے سخت گرمی کی صورتحال جاری رہی۔ Angul, Bolangir, Boudh اور Nuapada میں درجہ حرارت 44 ڈگری کو بھی پار کرگیا جس کی وجہ سے یہ مقامات ریاست میں سب سے زیادہ گرم رہے۔ مغربی اڈیشہ کے زیادہ تر شہروں میں درجہ حرارت 43 ڈگری یا اُس سے زیادہ رہا۔ البتہ ساحلی علاقوں میں گرمی سے تھوڑی راحت تھی لیکن اُمس زیادہ ہونے کی وجہ سے لوگ پریشان رہے۔ پچھلے ہفتے ریاست کے مختلف حصوں میں درجہ حرارت 45 ڈگری سے زیادہ تھا۔ بھونیشور کے محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ موسم میں کسی طرح کی تبدیلی کا امکان نہیں ہے اور اگلے چار دنوں میں ریاست کے مختلف حصوں میں درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری کا اضافہ ہوگا۔

اس کے نتیجے میں اگلے چار پانچ دنوں میں کچھ اضلاع میں درجہ حرارت معمول سے چار سے چھ ڈگری زیادہ ہوگا۔ محکمہ موسمیات نے اس سلسلے میں کچھ اضلاع کے لئے ریڈ وارننگ جاری کی ہے۔ X

## Indian AIR Force Award

بھارتی فضائیہ نے آج نئی دلی میں نیشنل وار میموریل کمپلیکس میں فضائیہ کی تفویض اعزاز تقریب کا اہتمام کیا۔ اس تقریب میں ایئر چیف مارشل VR Chaudhari نے بھارتی فضائیہ کے 51 جانبازوں کو صدارتی ایوارڈز پیش کئے۔

ان میں 3 یُدھ سیوا میڈل

7 وایو سینا میڈل (Gallantry)

13 وایو سینا میڈل

اور 28 وششٹھ سیوا میڈل شامل ہیں۔

اس موقع پر ایئر چیف مارشل VR Chaudhari نے بھارتی فضائیہ کی خالص روایات کے تناظر میں تمام ایوارڈ یافتگان کی شجاعت اور امتیازی خدمات کی ستائش کی۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ایسا پہلی ہوا ہے کہ بھارتی دفاع کی کسی سروس نے نیشنل وار میموریل پر اپنی تفویض اعزاز کی تقریب انجام دی ہے۔x

## Air Force Digilocker

بھارتی فضائیہ، ڈیجیٹل انڈیا پروگرام پہل کے تحت خود کو، Digilocker سے مربوط کرنے کی راہ پر گامزن ہے۔ Digilocker سے مربوط کرنے کی بدولت بھارتی فضائیہ کے مختلف کاموں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں آسانی ہوگی۔ اِس میں اگنی ویر وایو تقررات بھی شامل ہیں جہاں امیدواروں کی تعلیمی لیاقت کی ڈیجیٹل طریقے سے جانچ ہوگی۔

Digilocker کے محفوظ اور دستاویزات تک قابل رسائی استعمال کو ممکن بنانے کے مقصد سے بھارتی فضائیہ اور الیکٹرانک اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے محکمے نے آج نئی دلّی میں ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے۔x

## INDIA SCO

دفاعی سکریٹری Gridhar Aramane نے شنگھائی تعاون تنظیم SCO کے ممبر ملکوں کی ترقی اور خوشحالی کے لئے ہر طرح کی دہشت گردی کے خلاف بالکل برداشت نہ کرنے کی پالیسی اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ قزاقستان کے شہر آستانہ میں SCO کے وزرائے دفاع کی میٹنگ میں شرکت کرتے ہوئے جناب Aramane نے یہ بات کی۔ میٹنگ کے دوران اُنھوں نے SCO خطے میں امن، استحکام اور سیکورٹی کی بحالی کے تیئں بھارت کے مضبوط عہد کو دوہرایا۔ دفاعی سکریٹری نے اقوام متحدہ میں بین الاقوامی دہشت گردی پر بھارت کے جامع کنونشن کی تجویز کا بھی ذکر کیا۔ اُنھوں نے بھارت۔بحرالکاہل کیلئے بھارت کی طرف سے مجوزہ خطے میں سبھی کیلئے سیکورٹی اور ترقی کے تصور کو بھی اجاگر کیا۔

میٹنگ کے دوران SCO ممبر ملکوں کے وزرائے دفاع نے ایک پروٹوکول پر بھی دستخط کئے۔ میٹنگ کے بعد ایک مشترکہ اعلامیہ بھی جاری کیا گیا جس میں SCO کے وزرائے دفاع ایک کرہ ارض، ایک کنبہ اور ایک مستقبل کے تصور کو مضبوط کرنے پر رضامند ہوئے جو بھارت کے قدیم فلسفہ Vasudhaiva Kutumbakam میں مضمر ہے۔

## Hyderabad Vice Prez

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ بھارت ایک ممکنہ طاقت نہیں بلکہ سوپر پاور کے طور پر اُبھر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت خود کو ترقیا یافتہ بنانے اور عالمی رہنما بننے کی جانب گامزن ہے۔

نائب صدر نے آج حیدرآباد میں بھارت بائیوٹیک کے سائنسدانوں سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ مستقبل کا دور بھارت کا ہوگا جہاں بھارت کی افرادی قوت دنیا بھر میں کام کر رہی ہوگی۔ نائب صدر نے کارپوریٹ کمپنیوں سے اپیل کی کہ وہ تحقیق اور ترقی کو بڑھاوا دینے کیلئے مل کر کام کریں۔ ساتھ ہی نائب صدر نے یہ بھی کہا کہ قومی اداروں سے فارغ طلباء، ان اداروں میں تحقیق کو فروغ دینے اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کیلئے اشتراک کریں۔x

## Sri Lanka India Forms

ایک بھارتی کمپنی کو سری لنکا کے مٹّالہ راجا پکسے بین الاقوامی ہوائی اڈے کے انتظامات کی ذمے داری سپرد کی گئی ہے۔ یہ ذمے داری اُسے ایک روسی کمپنی کے ساتھ مشترکہ طور پر سونپی گئی ہے۔ سری لنکا کے وزیروں کی کابینہ نے جزیرے کے جنوبی حصے میں واقع اِس ہوائے اڈے کے انتظامات سپرد کرنے کے فیصلے کو منظوری دی۔

سری لنکا کے بندرگاہوں، جہاز رانی اور ہوا بازی کے وزیر کی جانب سے کابینہ کو پیش کی گئی تجویز کے مطابق چنی گئی بھارتی اور روسی کمپنیاں اگلے 30 سال تک ہوائی اڈّے کے انتظامات کی نگرانی کریں گی۔ سری لنکا کے کابینی

وزراء کی جانب سے نامزد کردہ مذاکرتی کمیٹی کی تجاویز سے مطابقت رکھنے والے اس فیصلے کو ہوا بازی کے شعبے میں بین الاقوامی اشتراک کی جانب اہم قدم سمجھا جارہا ہے۔x

## NAVY

بھارتی بحریہ کے جہاز INS Sayyadri نے کل سمندر میں UK Littoral Response Group South کے شاہی بحریہ کے RFA Argus اور RFA Lyme Bay کے ساتھ بحری شراکت داری مشق میں شرکت کی۔ اِس مشق نے دونوں ملکوں کی بحریہ کو بہتر طور طریقے کے تبادلے کا موقع فراہم کیا۔ یہ مشق بحری شراکت داری کو مستحکم کرنے میں بھارتی بحریہ کے عہد کا اظہار ہے اور یہ علاقائی استحکام کو فروغ دیتا ہے۔ X

## ARCHERY WORLD CUP

تیراندازی میں بھارت کی جیوتی سریکھا Vennam اور ابھیشیک ورما، شنگھائی میں جاری عالمی کپ اسٹیج ون کے کمپاؤنڈ مکسڈ ٹیم کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ ایک دلچسپ مقابلے میں بھارتی جوڑی نے میکسیکو کے اپنے حریف Andrea Beccerra اور Lot Maximo Ortiz کو 151 کے مقابلے 155 سے شکست دی۔ کل فائنل میں Vennam اور ورما کا مقابلہ اسٹونیا کے بھائی بہن Robin Jaatma اور Lisell Jaatma سے ہوگا۔

خواتین کے Recurve زمرے میں اولمپک میں تین مرتبہ تمغہ جیتنے والی بھارت کی دیپیکا کماری سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ اُنھوں نے کوارٹر فائنل میں کوریا کی Jeon Hunyoung کو چھ۔چار سے شکست دی۔ سیمی فائنل میں اُن کا مقابلہ جنوبی کوریا کی Nam Suhyeon سے ہوگا۔ X

## IPL

IPL کرکٹ میں کولکاتہ نائٹ رائیڈرس اور پنجاب کنگز کے درمیان کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں مقابلہ جاری ہے۔

کولکاتہ نے پنجاب کنگز کے سامنے جیت کیلئے 262 رن کا نشانہ رکھاہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے کولکاتہ نے مقررہ 20 اوورس میں 261 رن بنائے۔

اس سے پہلے پنجاب نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

کولکاتہ 7 میچوں میں پانچ جیت حاصل کرکے پوائنٹس ٹیبل میں دوسرے مقام پر ہے جبکہ پنجاب آٹھ میچوں میں صرف دو جیت کے ساتھ نویں مقام پر ہے۔

کل پہلے میچ میں ساڑھے تین بجے دلّی کے ارن جیٹلی اسٹیڈیم میں دلّی کیپٹلس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا جبکہ دوسرے میچ میں لکھنؤ سُپر جائنٹس، پوائنٹ ٹیبل میں سرفہرست راجستھان رائل کے ساتھ کھیلے گا۔x

**EGYPT ISRAEL**

مصر نے غزہ میں حماس کے ساتھ ایک پائیدار جنگ بندی کے ایک نئے ویژن پر سمجھوتے کیلئے اعلی سطح کا ایک وفد آج اسرائیل بھیجا ہے۔ مصر کے اعلیٰ انٹیلیجنس اہلکار عباس کامل وفد کی قیادت کررہے ہیں۔ اہلکار نے کہا کہ حماس کے ذریعہ یرغمال بنائے گئے کچھ لوگوں کے تبادلے اور بے گھر ہوئے فلسطینیوں کی کم سے کم شرطوں کے ساتھ واپسی پر بھی بات چیت کے دوران توجہ مرکوز کی جائے گی۔

دوسری طرف لبنان کے ملی ٹینٹ گروپ حزب اللہ نے کل سرحد کے پاس ایک متنازعہ علاقے میں اسرائیلی فورسز کے ایک قافلے پر ٹینک شکن میزائل اور گولہ بارود سے فائرنگ کی۔ X

☆☆☆